Maulana Azad National Urdu University

B.A I Semester Examination - December - 2019

Paper : : (BAEC101CCT) : Microeconomics

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سُوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) قیمت کے حوالے سے طلب کی لچک کا فارمولا لکھیے۔

(ii) اگر کسی ادنیٰ شئے کی قیمت میں کمی ہو تو اس کی طلب میں کیا تبدیلی واقع ہوتی ہے؟

(iii) ترتیبی افادہ کی تعریف بیان کیجیے۔

(iv) عددی افادہ کی کوئی ایک تنقید بیان کیجیے۔

(v) فرم کی آمدنی (Revenue) کا فارمولا بیان کیجیے۔

(vi) ممکنہ پیداوار کی حد (Production Possibility Frontier) کی شکل بنایئے اور عناوین دیجیے۔

(vii) اوسطِ کل لاگت (Average Total Cost) کا فارمولا بیان کیجیے۔

(viii) خطِ بے نیازی کی ڈھلوان کو کیا کہا جاتا ہے؟

(ix) نئی اور بہتر ٹیکنالوجی کا رسد پر کیا اثر ہوگا؟

(x) اوسط پیداوار (Average Product) کبھی بھی صفر نہیں ہوتی۔ وجہ بتایئے۔

حصہ دوم

(2) طلب پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجیے۔

(3) اگر خطِ رسد میں Expansion ہو، جبکہ خطِ طلب میں کوئی تبدیلی نہ ہو تو اس کا قیمت اور مقدار کے توازن (Equilibrium) پر کیا اثر ہوگا۔

(4) خطِ بے نیازی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(5) خطِ بے نیازی کے تجزیہ میں اگر دو اشیاء X_1 اور X_2 ہوں تو X_1 کی قیمت میں گراوٹ کا اثر صارف کے توازن پر کیا ہوگا؟

(6) صارف کا اضافی فائدہ (Surplus) کی تعریف بیان کیجیے۔

(7) قلیل مدت اور طویل مدت کا فرق بیان کیجیے۔

(8) حاشیائی لاگت اور اوسط لاگت کے باہمی تعلق کو بذریعہ شکل واضح کیجیے۔

(9) یک مقدارِ پیداوار (Isoquant) اور یک مقدارِ لاگت (Isocost) کے مماس کو شکل کی مدد سے واضح کیجیے۔

حصہ سوم

(10) گھٹتی ہوئی حاشیائی افادہ کا قانون بیان کیجیے۔

(11) ایک فرم کی کل لاگت (Total Cost) کا جدول ذیل میں دیا گیا ہے۔ فرم متعلقہ ماحصل قدروں کے لیے FC, VC, MC, AVC, ATC, AFC پر مشتمل گوشوارے اور شکل بنائیں۔

Q	TC
1	50
2	65
3	75
4	95
5	130
6	185

(12) کسی فرم کے متساوی نفع نقصان Break - Even نقطہ کی تفصیل بیان کیجیے۔

(13) طلب و رسد میں بیک وقت ہونے والی کمی کی صورتحال امثال و اشکال سے واضح کیجیے۔

(14) معیشت کے بنیادی مسائل پر روشنی ڈالیے۔